فوری ریلیز کے لیے: 2023/25/4 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے آرٹس اور ثقافت سے متعلق تنظیموں کے لئے چھوٹے اور درمیانے سائز والے کیپیٹل پراجیکٹس کے لئے 42$ ملین کی سرمایہ کاری کا اعلان کر دیا***

***ریاست نیویارک کی اسٹیٹ کاؤنسل میں یہ آرٹس کی تاریخ میں کیپٹل ایوارڈز کا سب سے بڑا اعلان ہے***

***وصول کنندگان ریاست نیویارک کے تمام 10 علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں جن میں سے اکثریت نیویارک شہر سے باہر والوں کی ہے***

***57 فیصد انہیں دیے گئے ہیں جن کے بجٹ 1$ ملین یا اس سے کم ہیں***

گورنر HOCHUL نے آج اعلان کیا کہ فنون لطیفہ سے متعلق 144 چھوٹے اور درمیانے سائز والے کیپیٹل پراجیکٹس کے لئے نیویارک کی اسٹیٹ کاؤنسل کے توسط سے 42$ ملین ایوارڈ کیے گئے ہیں۔ ریاست بھر میں آرٹس اور ثقافتی تنظیموں میں یہ ریکارڈ سرمایہ کاری اہم ترین عمارتوں کی تزئین و آرائش، ان تک رسائی بہتر بنانے، اور تخلیقی کاموں کے لئے نئے مقامات کی مدد و معاونت کرے گی۔

"اپنے تخلیقی شعبے کو مضبوط بنانے سے سیاحت میں اضافہ ہوگا، ہماری معیشت کو فروغ ملے گا، اور ریاست نیو یارک کے بھرپور ورثے اور ثقافتی زندگی کو مہمیز ملے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ ریکارڈ توڑ گرانٹس ریاست بھر میں ہمارے آرٹس اور ثقافتی تنظیموں میں متنوع اور اختراعی منصوبوں کی ایک وسیع رینج کی مدد و معاونت کریں گی جس سے یہ امر یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ یہاں آنے والے تمام افراد کو آئندہ سالوں میں شاندار اور حیرت انگیز تجربات حاصل ہوتے رہیں۔"

مجموعی طور پر 42,332,000$ کی رقوم 144 چھوٹے اور درمیانے سائز والے پراجیکٹس کو دی گئیں، جن میں سے 57 فیصد گرانٹس انہیں دی گئیں جن کے سالانہ بجٹ 1$ ملین یا اس سے کم ہیں۔ پروجیکٹ کے فیصلوں میں قابل رسائی ہونے، فنکارانہ تنوع، ثقافتی ترقی، استحکام کی استعداد، صحت اور تحفظ، اور ساختی اور تاریخی بہتریوں کو ترجیح دی گئی۔

مالی سال 2023ء کے لیے بڑے کیپٹل پروجیکٹ ایوارڈزز کا اعلان آئندہ ہفتوں کے دوران کیا جائے گا۔

**وصول کنندگان میں شامل ہیں:**

**ٹورن سپیس تھیٹر، بفیلو:** ***پورے کیمپس پر محیط تزئین و آرائش کی تکمیل***

- یہ پروجیکٹ کیمپس کی سیٹنگ کی تکمیل کرے گا اور اس میں حاصل کردہ کھلا میدان بھی شامل ہوگا جس سے یہ سائٹ فنکاروں اور سامعین کے لئے زیادہ سے زیادہ فراہم کرکے ایک کثیر الاستعمال جگہ میں تبدیل ہوجائے گی۔

**اپرچر فاؤنڈیشن، NYC: *دو منزلوں کی اندرونی اور بیرونی تزئین و آرائش***

- NYSCA کے فنڈز فاؤنڈیشن کی قدیم و شاندار تاریخی عمارت کی تزئین و آرائش میں معاونت کریں گے، جس میں کتابوں کی ایک ریٹیل دکان، فنکاروں کی تقاریر اور نمائشوں کے لئے ایک عوامی پروجیکٹ روم، ایک داخلی لابی، دفاتر کی کھلی جگہیں، نجی دفاتر اور میٹنگ رومز بنانے کے علاوہ باورچی خانہ، باتھ رومز اور اسٹوریج ایریا بنانا شامل ہے۔

**البانی کاؤنٹی تاریخی ایسوسئیشن، البانی: *تعلیمی اور مہمانوں کے مرکز کی تعمیر***

- اس پراجیکٹ میں ٹین بروئیک مینشن کے 4 ایکڑ پر محیط باغات میں کسی مرکزی اور آسان رسائی والی جگہ پر تعلیمی اور مہمانوں کا مرکز بنانا شامل ہے جسے تاریخی ٹین بروئیک-اولکوٹ کیریج بارن کی شکل و صورت میں دوبارہ تعمیر کیا جائے گا۔

**بیلوکویل میوزیم، لانگ آئی لینڈ: *سال بھر کی پروگرامنگ کے لیے نوگلز بارن کا مطابقت پذیری کے ساتھ نئے سرے سے استعمال***

- NYSCA کے فنڈز میوزیم کے نوگلز بارن کی مطابقت پذیری کے ساتھ نئے سرے سے استعمال میں مدد دیں گے جس سے اس کا ڈھانچہ مستحکم ہوگا اور وہ جاری کلاسوں، کیمپوں، اور تقریبات کے لئے ایک ایسی جگہ بن جائے گی جس کا مرکز و محور کمیونٹی ہوگی۔

وصول کنندگان کی مکمل فہرست کے لیے یہاں کلک کریں۔

**نیویارک سٹیٹ کاؤنسل برائے آرٹس کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Mara Manus نے کہا،** "ہم گورنر Hochul اور ریاست نیویارک کی مقننہ کی مدد سے پانچویں سال بھی یہ اہم ترین کیپیٹل فنفڈنگ فراہم کرنے کے قابل ہونے پر بہت خوش ہیں۔ یہ پراجیکٹس ہماری ریاست کی اقتصادی خوشحالی میں فنون لطیفہ اور ثقافت کے اہم کردار کی تصدیق کا ذریعہ ہیں۔ ہمارے مستقبل کی صحت اور خوش و خرم زندگی کے لئے کی جانے وا؛لی یہ اہم سرمایہ کاری پوری ریاست کی کمیونٹیز کو حقیقی اور قابل پیمائش فوائد اور نتائج مہیا کرے گی۔ اس اہم ترین فنڈنگ کے وصول کنندگان کو دلی مبارکباد؛ یہ عوامی منصوبے آئندہ کئی نسلوں تک نیویارک کے باشندوں اور یہاں آنے والے سیاحوں اور مہمانوں کو قابل قدر فائدے بہم پہنچائیں گے۔"

**نیویارک سٹیٹ کاؤنسل برائے آرٹس کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Katherine Nicholls نے کہا،** "میں NYSCA کے عملے، کاؤنسل اور اپنی آرٹس اینڈ کلچر کمیونٹی کی جانب سے گورنر Hochul اور اپنے ریاستی قانون سازوں کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گی جن کی ہماری پوری ریاست نیویارک میں پھیلی ہوئی آرٹس اور ثقافت سے متعلق تنظیموں کے ساتھ دلی اور جاندار وابستگی ہے۔ ہماری آرٹس اور ثقافتی تنظیموں کو ایسے وسائل اور ذرائع فراہم کرنا جن کے ذریعے وہ اپنی کمیونٹیز کو مزید ترقی دے سکیں اور زیادہ شاندار بنا سکیں نیویارک کے تمام باشندوں کے لئے ایک زیادہ صحت مند اور مضبوط مستقبل کی بنیاد پڑے گی۔"

**ریاستی سینیٹر Jose Serrano نے کہا،** "ہماری آرٹس اور ثقافت سے متعلقہ تنظیمیں مقامی کمیونٹیز کے ہمارے تانے بانے کے لئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ ان ثقافتی تنظیموں کی پائیداری اور استحکام میں اضافہ کرکے ہم دراصل آئندہ کئی نسلوں تک قائم رہنمے اور قابلِ رسائی رہنے کو یقینی بنائیں گے۔ مجھے انتہائی مسرت ہو رہی ہے کہ ہم نیویارک اور پوری دنیا سے یہاں آنے والے سیاحوں اور مہمانوں دونوں کے لئے ان منصوبوں کی معاونت کر رہے ہیں۔"

**رکن اسمبلی Daniel O'Donnell نے کہا،** "آرٹس اور ثقافت کے لئے کیپٹل پروجیکٹس ہمارے رہائشیوں اور سیاحوں دونوں کے لئے یکساں طور پر جیت کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان سے روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں اور سیاحت، تعلیم، مقام سازی اور کمیونٹی کی تعمیر جیسے فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ میں بہت پُر جوش ہوں ہے کہ اس سرمایہ کاری سے پوری ریاست میں پھیلی ہوئی آرٹس اور ثقافت سے متعلقہ تنظیموں کو ترقی کرنے اور مزید پھلنے پھولنے کے لئے حوصلہ ملے گا۔"

NYSCA نے سنہ 2018 سے گورنر اور مجلسِ قانون ساز کے تعاون سے تمام 10 ریاستی خطوں میں 302 کیپیٹل گرانٹس کی مد میں مجموعی طور پر 92$ ملین کی رقوم فراہم کی ہیں۔ یہ پروجیکٹس روزگار کی گنجائش میں اضافہ کرتے ہیں اور ثقافتی مقامات کو سیاحتی مقامات کے طور پر آگے بڑھاتے ہیں، نیویارک کی مہمان نوازی، کھانے پینے کی اشیاء اور ریٹیل کے شعبوں کو تقویت دیتے ہیں۔

کیپٹل پروجیکٹس فنڈ کے علاوہ، NYSCA نے مالی سال 2023 کے لئے آرٹس سے متعلقہ تنظیموں اور فنکاروں کو 90$ ملین کی نان-کیپٹل گرانٹس سے بھی نوازا ہے۔

**ریاست نیویارک کاؤنسل برائے آرٹس کا تعارف**

کونسل برائے آرٹس فنون اور ثقافت کو تحفظ اور ترقی دیتی ہے جو ریاست نیویارک کو رہنے، کام کرنے اور دیکھنے کے لیے ایک غیر معمولی جگہ بناتی ہے۔ کونسل نیو یارک کے تمام باشندوں کے اس حق کو برقرار رکھتی ہے کہ وہ ہمارے علاقوں، تعلیم، معاشی ترقی اور معیارِ زندگی میں فنون لطیفہ کی اہم شراکت کا تجربہ کریں۔ ریاست نیویارک میں آرٹس اور فنون لطیفہ کی مسلسل جاری بحالی والے اقدامات کی معونت کے لیے، کاؤنسل برائے آرٹس مالی سال 2023 کے دوران ریکارڈ فنڈنگ فراہم کرے گی جس میں آرٹس کے تمام میدانوں اور شعبوں کی معاونت ہوگی، بشمول آرٹس کی تعلیم اور کم نمائندگی والی کمیونٹیز کے لیے خاص الخاص معاونت۔

کونسل برائے آرٹس فیلڈ میں رہنماؤں کو بلا کر اور تنظیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع اور معلوماتی وسائل فراہم کر کے نیویارک کی تخلیقی فضا کو مزید آگے بڑھاتی ہے۔ گورنر Nelson Rockefeller کی جانب سے سنہ 1960 میں تخلیق کردہ اور گورنر Kathy Hochul اور ریاست نیو یارک کی مجلس قانون ساز کے تعاون سے جاری رکھی گئی، کونسل ایک ایسی ایجنسی ہے جو ایگزیکٹیو برانچ کا حصہ ہے۔ NYSCA کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم http://www.arts.ny.gov ملاحظہ کریں، NYSCA کے فیس بُک پیج، ٹویٹر NYSCArts@ اور انسٹاگرام NYSCouncilontheArts@ کو فالو کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں